فوری ریلیز کے لیے: 2024/23/2 **گورنر KATHY HOCHUL**

وائٹ ہاؤس کے دورے کے بارے میں گورنر KATHY HOCHUL کا بیان

"میں نے آج صدر Biden، چیف آف اسٹاف Zients، سیکریٹری Mayorkas اور وائٹ ہاؤس کے دیگر حکام سے بات چیت کے لیے وائٹ ہاؤس کا سفر کیا۔ مجھے ہماری معیشت کی قیادت کرنے پر صدر Biden کا شکریہ ادا کرنے کا موقع ملا جسکے ذریعے ٹرانسپورٹیشن کے بنیادی ڈھانچے اور صاف مینوفیکچرنگ میں ایسی بڑی سرمایہ کاریاں حاصل کی گئی ہیں جنکے نتیجے میں پورے نیویارک میں دسیوں ہزاروں ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

ہم نے نتیجہ خیز میٹنگوں کا ایک سلسلہ بھی منعقد کیا، جن میں ہماری توجہ امیگریشن اور نیویارک کے تارکین وطن کے بحران کا حل تلاش کرنے پر مرکوز رہی۔ سپیکر Johnson اور ایوان کی اکثریت کا دو طرفہ امیگریشن سمجھوتے کو ختم کرنے والا فیصلہ ہماری ریاست کے لیے تباہ کن نتائج کا سبب بنے گا۔ قانون سازی کے فقدان کی بناء پر، میں نے صدر Biden اور چیف آف اسٹاف Zients کو بتایا کہ نیو یارک امیگریشن پر ایگزیکٹو کارروائی کی حمایت کرے گا۔

ان ملاقاتوں میں ایک حقیقت بالکل واضح ہو کر سامنے آئی: صدر Biden ہی وہ رہنما ہیں جنکی ہماری قوم کو اس مشکل وقت میں ضرورت ہے۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں